# Snapchat کیلئے والدین اور سرپرستوں کی گائیڈ



## اس میں کیا ہے؟

- Snapchat کے فیچرز
- عام FAQ
- تحفظ اور عافیت کے ریسورسز
- بات شروع کرنے کے مؤثر طریقے

# Snap Inc. میں کام کرنے والے والدین کی جانب سے خط

عزیز والدین اور سرپرست،

آپ کے نوعمر بچے نے Snapchat اکاؤنٹ بنا لیا ہے۔ اب آگے کیا ہوگا؟ آپ کو اس حوالے سے تحفظات ہیں۔ آپ کا نوعمر بچہ ایسی ایپ کیوں استعمال کرنا چاہتا ہے جہاں اس کا زیادہ تر مواد ڈیفالٹ طور پر ایپ کی جانب سے ڈیلیٹ کر دیا جاتا ہے؟ سوشل پلیٹ فارمز مسلسل ارتقاء پذیر ہیں اور ہم سمجھ سکتے ہیں کہ ان کے بارے میں ہر چیز سے باخبر رہنا مشکل ہو سکتا ہے۔ سوالات اور تحفظات ہونا فطری بات ہے اور ہم امید کرتے ہیں کہ Snapchat کے بارے میں جاننے اور آپ کے نوعمر بچے کو سکھانے نیز بااختیار بنانے کے حوالے سے یہ گائیڈ ایک مددگار اور مفید ریسورس ثابت ہوگی۔

ہم سمجھ سکتے ہیں کہ آپ یہ یقینی بنانا چاہتے ہیں کہ آپ کا نوعمر بچہ ہماری ایپ استعمال کرتے وقت اچھی طرح محفوظ اور باخبر ہو۔ ہمارا مقصد نوعمر بچوں کو ان کی تخلیقی صلاحیتوں اور اصلی شخصیت کا اظہار کرنے کے لیے ایک پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے۔ Snapchat روایتی سوشل میڈیا سے مختلف ہے کیونکہ یہ ایپ اجنبیوں کے بجائے قریبی دوستوں کے ساتھ دلچسپ طریقے سے رابطے میں رہنے کے لیے بنائی گئی ہے۔

**" میرا نوعمر بچہ ایک ایسی ایپ کیوں استعمال کرنا چاہتا ہے جس میں اس کا زیادہ تر مواد ڈیفالٹ طور پر ڈیلیٹ ہو جاتا ہے؟ "**

دیگر پلیٹ فارمز کے برعکس، ہم عوامی تبصروں کی اجازت نہیں دیتے ہیں اور ہماری ڈیفالٹ سیٹنگز کے تحت سنیپ چیٹرز کو صرف انہی لوگوں سے میسجز موصول ہو سکتے ہیں جنہیں انہوں نے دوست کے طور پر ایڈ کیا ہو۔

دوستوں سے بات چیت کرنے کے علاوہ، Snapchat فیملیز کے لیے بھی رابطے میں رہنے کا ایک زبردست طریقہ ہے۔ Snapchat اس حوالے سے مدد کرتی ہے کہ آپ اپنی تخلیقی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے دلچسپ اور بے تکلفانہ طریقے سے بات چیت کریں! یہ بس ایک دوسرے کے ساتھ پُرلطف وقت گزارنے کی ایک جگہ ہے (جہاں آپ کو اپنے کاموں کی فہرست یا برتن دھونے کی یاددہانیوں کی فکر نہیں ہوتی ہے)۔ اس کے بجائے، آپ کو لاابالی تصاویر بھیجنے اور زندگی کے لمحات بھرپور انداز میں گزارنے کا موقع ملتا ہے (وہ بھی اپنے کیمرہ رول کو بھرے بغیر!)۔ جب آپ کا نوعمر بچہ اسکول میں ہو تو اسے ہنسانے کے لیے Snapchat کے ذریعے اپنی فیملی کے پالتو جانور کی Snap تصاویر لیں یا ہمارے لینز شامل کریں!

ہم سمجھ سکتے ہیں کہ ایسی کسی بھی ایپ کا غلط استعمال کیا جا سکتا ہے جو مواصلت کی سہولت دیتی ہو، یہی وجہ ہے کہ ہم نے اپنے پلیٹ فارم پر حفاظت کو بے حد توجہ دی ہے اور اس پر بہت وقت، وسائل اور توانائی صرف کی ہے اور اسے جاری بھی رکھیں گے۔ درون ایپ جامع رپورٹنگ، ہماری کمیونٹی کی ہدایات اور کئی مختلف فعال سیفٹی پارٹنرز کے ذریعے، ہم اپنے نوعمر صارفین کو یہ بتانا چاہتے ہیں کہ ان کی حفاظت ہماری ترجیح ہے۔

ہم نے والدین کے لیے یہ ہدایت نامہ آپ کو اضافی معلومات فراہم کرنے کے لیے بنایا ہے جو آپ اور آپ کی فیملی کو اس حوالے سے بااختیار بنائے گا کہ آپ محفوظ طریقے سے اپنی فردیت کا اظہار کریں، زندگی کے لمحات بھرپور انداز میں گزاریں، دنیا کے بارے میں جانیں اور ساتھ مل کر مزے کریں۔ ہمیں امید ہے کہ اپنے نوعمر بچے سے مسلسل بنیادوں پر اس بارے میں کھل کر بات کرنے کے ساتھ ساتھ کہ وہ آن لائن کیا کر رہے ہیں، یہ ہدایت نامہ بھی آپ کو کارآمد معلوم ہوگا۔

**یاد رکھیں، ہم آپ اور آپ کے نوعمر بچے کے لیے حاضر ہیں!**

**Snap Inc. میں کام کرنے والے والدین۔**



# فہرست مشمولات


3
Snapchat کیا ہے؟

4
عام FAQ

6
ٹاپ فیچرز

7
ہمارے اخفاء کے اصول

8
کارآمد حفاظتی تجاویز

9
عافیت کے ریسورسز

10
اپنے نوعمر بچے سے Snapchat کے بارے میں بات کرنے کا طریقہ

# Snapchat 101

## Snapchat کیا ہے؟



والد/والدہ یا معلم کے طور پر، آپ غالباً Snapchat کو ایک ایسی میسجنگ اور کیمرہ ایپ کے طور پر جانتے ہوں گے جو آج کل کے دور میں نوعمر بچوں کے لیے اپنے دوستوں سے بات چیت کرنے کا واحد طریقہ ہے۔ آغاز سے ہی، ہم نے اس پر توجہ دی ہے کہ جب حقیقی دوست دور ہوں تو آپس میں رابطہ قائم رکھنے اور زندگی کے لمحات میں اپنی فردیت کا بلاجھجھک اظہار کرنے میں ان کی مدد کریں۔ Snapchat کو لوگوں کی کیمرہ میں اپنی فردیت کے بلاجھجھک اظہار کے لیے بنایا گیا تھا۔

Snapchat کو دانستہ طور پر روایتی سوشل میڈیا سے الگ بنایا گیا ہے اور یہی اسے ہماری کمیونٹی کے لیے نسبتاً کافی زیادہ محفوظ بناتا ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ والدین اور نوعمر بچے Snapchat اور دیگر پلیٹ فارمز کے مناسب استعمال کے بارے میں باقاعدگی سے بات چیت کریں اور اسی لیے ہم نے یہ ہدایت نامہ تیار کیا ہے۔



# بکثرت پوچھے گئے عمومی سوالات

ہمارے کیمرہ کے ذریعے ہم نے لوگوں کو اپنے تخلیقی ٹولز کی مدد سے اپنی شخصیت کا اظہار کرنے کا طریقہ دیا ہے تاکہ وہ ٹیکسٹ میسجنگ کی پابندیوں کے برعکس ایک ہی Snap میں بہت کچھ کہہ سکیں۔ Snapchat میں، آپ کو اپنے سب سے قریبی لوگوں کے ساتھ اپنی شخصیت کا اظہار کرنے کی مکمل آزادی ہے۔ آپ کے کچھ سب سے عام سوالات کے جواب یہ ہیں:

## 1 ایپ کس طرح کام کرتی ہے؟

جب آپ اکاؤنٹ کے لیے سائن اپ کر لیں اور اپنا Bitmoji بنا لیں تو پھر باری آتی ہے دریافت کرنا شروع کرنے کی! Snapchat میں 5 ٹیبز ہیں (دائیں سے بائیں): نقشہ، چیٹ، کیمرہ، کہانیاں اور Spotlight۔ Snapchat کیمرہ میں کھلتی ہے۔

تصویر کھینچنے کے لیے بس کیمرہ کے آئیکن کو ٹیپ کریں یا پھر ویڈیو بنانے کے لیے اسے دبا کر رکھیں۔ آپ دوستوں کو تصاویر یا ویڈیوز بھیج سکتے ہیں جنہیں 'Snaps' کہا جاتا ہے نیز یہ اجنبیوں سے آسان میسجنگ کی سہولت دینے کے لیے نہیں بنائی گئی ہیں۔ جب آپ اکاؤنٹ بناتے ہیں تو ڈیفالٹ طور پر آپ کو کسی ایسے فرد سے میسج موصول نہیں ہو سکتا جسے آپ نے دوست کے طور پر ایڈ نہ کیا ہوا ہو۔

اپنی شخصیت کا اظہار کریں!



آپ کے پاس اس بات کا مکمل اختیار ہوتا ہے کہ آپ کس کے ساتھ چیزیں شیئر کرتے ہیں، کیسے شیئر کرتے ہیں اور انہیں کتنے عرصے تک Snapchat پر دیکھا جا سکتا ہے۔

## 2 مجھے Snaps کے بارے میں مزید بتائیں؟




Snaps کو فوری اور آسان بات چیت کے لیے بنایا گیا ہے، بالکل اصلی زندگی کی گفتگو کی طرح! یہی وجہ ہے کہ جب آپ کسی دوست کو Snap بھیجتے ہیں تو وہ ڈیفالٹ طور پر ڈیلیٹ ہو جاتی ہے، بالکل ویسے ہی جیسے اصلی زندگی میں کہے گئے الفاظ تحلیل ہو جاتے ہیں۔ ہمارا ماننا ہے کہ اس سے گفتگو کا بالکل حقیقی تجربہ تشکیل پاتا ہے جسے ہم روزانہ Snapchat پر دیکھتے ہیں۔

یاد رکھیں، اگرچہ Snaps کو ڈیفالٹ طور پر ڈیلیٹ ہونے کے لیے بنایا گیا ہے لیکن پھر بھی کوئی دوست اسکرین شاٹ لے سکتا ہے، اسکرین ریکارڈ کر سکتا ہے یا کسی اور ڈیوائس کے ذریعے انہیں کیپچر کر سکتا ہے۔



## 3 Snap کے حفاظتی معیارات کیا ہیں؟

Snapchat کے سبھی صارفین کے لیے Snap کی سروس کی شرائط اور کمیونٹی کی ہدایات کی تعمیل کرنا ضروری ہے جن کے مطابق نفرت آمیز گفتگو، امتیازی سلوک، جھوٹی معلومات، دھونس جمانا، ہراساں کرنا، پُرتشدد مواد وغیرہ ممنوع ہیں۔ Snap نے ٹیمز وقف کی ہوئی ہیں جو یہ پالیسیاں بناتی اور انہیں نافذ کرتی ہیں۔



ہم اپنے صارفین کی حفاظت کس طرح کرتے ہیں اس بارے میں مزید جاننے کے لیے، ہمارا رازداری کا سینٹر ملاحظہ کریں

## 4 کیا اکاؤنٹ بنانے کے لیے عمر کی کوئی شرط ہے؟

جی ہاں۔ 13 سال سے کم عمر کے کسی بھی بچے کو اکاؤنٹ بنانے یا Snapchat استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے اور ہم 13 سال سے کم عمر کے کسی بھی بچے کو اپنی سروسز فراہم نہیں کرتے ہیں۔ اگر آپ کا 13 سال سے کم عمر کا کوئی بچہ Snapchat استعمال کر رہا ہے تو براہ کرم اپنے بچے کے یوزر نیم اور اس کے ساتھ اپنے تعلق کی توثیق کے ساتھ ہم سے رابطہ کریں۔

## 5 Snapchat میں پر اپنے نوعمر بچے کو محفوظ رکھنے میں کس طرح مدد کر سکتا ہوں؟

Snapchat کو دانستہ طور پر روایتی سوشل میڈیا سے الگ بنایا گیا ہے اور یہی اسے ہماری کمیونٹی کے لیے نسبتاً کافی زیادہ محفوظ بناتا ہے۔ Snapchat دوستوں اور پیاروں سے رابطہ قائم رکھنے اور بات چیت کرنے کی جگہ ہے لیکن محفوظ رہنے کا طریقہ جاننا بھی اہم ہے۔ ہم تجویز کرتے ہیں کہ آپ ہماری پالیسیوں اور ہماری ٹیم کے بارے میں مزید جاننے نیز والدین اور معلمین کے لیے معلومات کی خاطر ہمارا حفاظت کا سینٹر ملاحظہ کریں۔ آپ کے نوعمر بچے کے لیے کچھ کارآمد تجاویز میں شامل ہیں: مضبوط پاس ورڈ رکھنا، اپنی ای میل اور موبائل نمبر کی توثیق کرنا، صرف انہی لوگوں کی جانب سے دوستی کی درخواستیں قبول کرنا جن سے وہ اصلی زندگی میں واقف ہوں اور ہماری کمیونٹی کی ہدایات پڑھنا تاکہ وہ ان پر عمل کرنے میں اپنے دوستوں کی بھی مدد کر سکیں!



" صرف انہی لوگوں کی دوستی کی درخواستیں قبول کریں جنہیں آپ حقیقی زندگی میں جانتے ہیں۔ "

## 6 میں حفاظت کے خدشے کی اطلاع کیسے کروں؟

ہم نامناسب صارفین اور مواد کی شناخت کرنے کے لیے درون ایپ اطلاعات اور پلیٹ فارم سے ہٹ کر تاثرات کے ذریعے اپنی کمیونٹی کو باآسانی رابطہ کرنے کی سہولت دیتے ہیں۔ صارفین درون ایپ اطلاعات، ہمارے سپورٹ پورٹل اور Snapchat Support Twitter اکاؤنٹ کے ذریعے کسی بھی مواد کی اطلاع دے سکتے ہیں۔ ہم اپنی کمیونٹی کی ہدایات کے مطابق کارروائی کرتے ہیں اور تاثرات اکٹھے کرتے ہیں تاکہ Snapchat کو بہتر بنایا جا سکے۔

**نوٹ:** اگر آپ کو لگے کہ کوئی فوری خطرے میں ہے تو فوراً اپنی مقامی قانون نافذ کرنے والی ایجنسی سے رابطہ کریں۔



”
ہم مؤثر ہدایات مرتب کرنے، اپنے Snapchatters کا تحفظ کرنے اور اپنی تخلیقی صلاحیتوں اور فردیت کا اظہار کرنے کے لیے انہیں محفوظ اور دلچسپ ماحول فراہم کرنے پر توجہ دیتے ہیں۔ اگر کبھی بھی آپ کے نوعمر بچے کو حفاظت سے متعلق خدشہ لاحق ہو تو انہیں چاہیے کہ ہمیں ضرور اس کی نوٹیفکیشن دیں۔
“



# Snapchat استعمال کرنے کا طریقہ
# ٹاپ فیچرز

ایپ نیویگیٹ کرنے میں مدد حاصل کرنے کے لیے، ذیل میں موجود Snapchat کی کچھ مبادیات ملاحظہ کریں۔ فیچرز کی مکمل فہرست کے لیے، صفحہ نمبر 12 پر موجود ہماری Snap کی فرہنگ ملاحظہ کریں۔

**سب سے اہم بات یہ ہے کہ:** Snapchat صرف تصویر اور ویڈیو میسجز بھیجنے کے لیے نہیں ہے۔ ایپ میں 5 ٹیبز ہیں (دائیں سے بائیں): Snap میپ، چیٹ، کیمرہ، کہانیاں اور Spotlight۔



## Snap میپ:

Snap میپ ہماری کمیونٹی کو ان کے بہترین دوستوں اور دنیا بھر کی مختلف جگہوں سے منسلک کرتا ہے۔ ہماری باقی سبھی پروڈکٹس کی طرح، Snap میپ کو بھی رازداری کو اولین ترجیح رکھ کر بنایا گیا ہے اور تمام صارفین کے لیے ڈیفالٹ طور پر مقام شیئر کرنا آف ہوتا ہے۔ جب کوئی سنیپ چیٹر پہلی بار Snap میپ کھولتا ہے تو اسے یہ منتخب کرنے کا کہا جاتا ہے کہ وہ کس کے ساتھ اپنا مقام شیئر کرنا چاہتا ہے۔ وہ اپنے تمام دوستوں کا انتخاب کر سکتا ہے، حسب ضرورت چند دوستوں کا یا پھر کسی کا بھی نہیں (بھوت کا موڈ)۔ Snap میپ میں موجود 'جگہیں' سنیپ چیٹر کو کاروباروں کے اوقات کار اور تجزیے دیکھنے اور ٹیک آؤٹ اور ڈیلیوری آرڈرز دینے کی سہولت دیتی ہے۔



## چیٹ:

شروع سے ہی، ہم نے اس پر توجہ دی ہے کہ جب حقیقی دوست دور ہوں تو آپس میں رابطہ قائم رکھنے اور زندگی کے لمحات میں اپنی شخصیت کا بلاجھجھک اظہار کرنے میں ان کی مدد کریں۔ Snapchat ویڈیو، تصویری، آڈیو اور ٹیکسٹ چیٹس نیز فون اور ویڈیو کالز کی سہولت دیتی ہے۔ میسجز ڈیفالٹ طور پر ڈیلیٹ ہو جاتے ہیں اور یوزر کو کسی ایسے فرد کی جانب سے ذاتی چیٹ موصول نہیں ہوتی جس کا وہ پہلے سے دوست نہ ہو۔



Snapchat چیٹس اور Snaps کب ڈیلیٹ کرتی ہے اس بارے میں اضافی معلومات کے لیے، براہ کرم یہاں ہمارا سپورٹ کا مضمون پڑھیں۔ ان اصطلاحات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے صفحہ نمبر 12 ملاحظہ کریں۔

## کیمرہ:

Snapchat خود بخود کیمرہ میں کھل جاتی ہے۔ آپ یہاں Snaps یعنی ویڈیوز یا تصاویر بنا سکتے ہیں۔ Snap بننے کے بعد، اس میں تخلیقی ٹولز جیسے کہ فلٹرز، ٹیکسٹ، اسٹیکرز، منسلکات وغیرہ سے اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ Snap:

- چیٹ میں بھیجی جا سکتی ہے
- یادوں میں محفوظ ہوگیا
- میری کہانی میں ایڈ کی جا سکتی ہے یا ذاتی کہانی یا کسٹم کہانی بنائی جا سکتی ہے
- ڈیلیٹ کی جا سکتی ہے



## کہانیاں:

یہاں سنیپ چیٹر اپنے دوستوں، تخلیق کاران اور بقیہ Snapchat کمیونٹی کی کہانیاں دیکھ سکتے ہیں! یہیں پر آپ Discover اور 'آپ کے لیے' کے آپشن سے سبسکرپشنز دیکھ سکتے ہیں۔

## Spotlight:

Spotlight ان دلچسپ ترین Snaps کو اجاگر کرتی ہے جو Snapchat کمیونٹی نے بنائی ہوتی ہیں۔ دریافت کرنے کیلئے اوپر اور نیچے سوائپ کر کے ایک مواد سے دوسرے پر جائیں۔ اگر آپ کو ایسی کوئی چیز نظر آتی ہے جسے آپ مزید دیکھنا چاہتے ہوں تو اسے پسندیدہ بنانے کیلئے دل پر ٹیپ کریں اور اپنی فیڈ کو ذاتی نوعیت کا بنائیں!





# Snapchat میں رازداری
# ہمارے اخفاء کے اصول





Snap میں، ہم آپ کی رازداری کو ترجیحی حیثیت دیتے ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ جب بھی آپ Snapchat یا ہماری کوئی پروڈکٹ استعمال کرتے ہیں تو ہمیں آپ کا اعتماد جیتنا ہوتا ہے اور اسی لیے ہم آپ کی معلومات کو زیادہ تر دوسری ٹیک کمپنیوں کی نسبت الگ طریقے سے ہینڈل کرتے ہیں۔

اگرچہ ہماری پروڈکٹس مستقل ارتقاء پذیر ہیں لیکن ہمارے اخفاء کے اصولوں میں کوئی تبدیلی نہیں آئی ہے:

- ہم سچائی اور صاف گوئی سے مواصلت کرتے ہیں
- اپنی فردیت کا اظہار کرنے کا طریقہ آپ خود منتخب کرتے ہیں
- ہم آپ کی رازداری کو ذہن میں رکھ کر سب کچھ تیار کرتے ہیں
- اپنی معلومات آپ خود کنٹرول کرتے ہیں

ہم آپ کی رازداری کو اولین ترجیح کیسے بناتے ہیں اس بارے میں مزید جاننے کے لیے، ہمارا پرائیویسی سینٹر ملاحظہ کریں جہاں کو آپ کو ہمارے اخفاء کے اصولوں، ہماری پرائیویسی پالیسی اور اگر آپ اہم مسائل کا خلاصہ تلاش کر رہے ہیں تو اس حوالے سے مزید تفصیلات ملیں گی، براہ کرم 'آپ کی رازداری سے متعلق تفصیلات' دیکھیں۔

# Snapchat پر محفوظ رہنا
# کارآمد حفاظتی تجاویز

Snapchat دوستوں اور پیاروں کے ساتھ رابطہ قائم کرنے اور بات چیت کرنے کی جگہ ہے لیکن محفوظ رہنے کا طریقہ جاننا بھی اہم ہے۔ ہم تجویز کرتے ہیں کہ آپ ہماری پالیسیوں اور ہماری ٹیم کے بارے میں مزید جاننے نیز والدین اور معلمین کے لیے معلومات حاصل کرنے کی خاطر ہمارا حفاظت کا سینٹر ملاحظہ کریں۔ یاد رکھیں کہ Snapchat 13 سال کی عمر سے زائد کے افراد کے لیے ہے۔

ہم ایسے سنیپ چیٹرز کے لیے درون ایپ سپورٹ بھی پیش کرتے ہیں جنہیں دماغی صحت یا جذباتی مسائل کا سامنا ہو یا پھر جو ان مسائل کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے اور یہ جاننے کا اشتیاق رکھتے ہوں کہ وہ اس طرح کے مسائل سے نبرد آزما دوستوں کی مدد کیسے کر سکتے ہیں۔ جب سنیپ چیٹرز مخصوص موضوعات جیسے اضطراب، مایوسی، تناؤ، غم، خودکشی کے خیالات اور ہراسانی کے حوالے سے تلاش کرتے ہیں تو ہمارا 'آپ کیلئے حاضر' ٹول ماہرین کی مدد سے تیار کردہ حفاظت کے ریسورسز فراہم کرتا ہے۔

Snapchat پر محفوظ رہنے کے حوالے سے چند تجاویز یہ ہیں!

**1 مضبوط پاس ورڈ رکھیں:** ایسا پاس ورڈ رکھیں جو کم از کم 8 کریکٹرز طویل ہو اور اس میں ذاتی معلومات جیسے اپنا نام، یوزر نیم، فون نمبر یا سالگرہ شامل نہ کریں۔ اپنے پاس ورڈ میں نمبرز، علامات اور چھوٹے بڑے حروف کا امتزاج استعمال کریں۔ اپنا پاس ورڈ کسی اور کے ساتھ شیئر نہ کریں اور دیگر ایپس یا ویب سائٹس کے لیے ایک ہی پاس ورڈ استعمال نہ کریں۔

**2 اپنی ای میل اور موبائل نمبر کی توثیق کریں:** Snapchat کی سیٹنگز میں اپنے اکاؤنٹ سے وابستہ ای میل ایڈریس اور موبائل نمبر کے درست ہونے کی توثیق کریں۔

**3 دوہری توثیق سیٹ اپ کریں:** یہ ایک آپشنل سیکورٹی فیچر ہے جو آپ کے اپنے Snapchat اکاؤنٹ میں لاگ ان کرنے پر یہ توثیق کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے کہ لاگ ان کرنے والے فرد واقعی آپ خود ہی ہیں! اس سے آپ کا اکاؤنٹ اور بھی زیادہ محفوظ ہو جاتا ہے۔ یہاں مزید جانیں۔

**4 دوستوں سے ہی تعلق رکھیں:** Snapchat کو آپ کے قریبی دوستوں کے ساتھ رابطہ قائم رکھنے کے لیے بنایا گیا ہے۔ ہم تجویز کرتے ہیں کہ آپ صرف انہی لوگوں کو دوست بنائیں یا انہی سے دوستی کی درخواستیں قبول کریں جن سے آپ اصل زندگی میں بھی واقف ہیں۔ اپنے نوعمر بچوں کو یاد دہانی کرواتے رہیں کہ آن لائن ملنے والے کسی بھی فرد سے ملاقات کرنا محفوظ نہیں ہے!

**5 اپنی رازداری کی سیٹنگز چیک کریں:** اپنی سیٹنگز میں منتخب کریں کہ کون آپ کو Snaps بھیج سکتا ہے، آپ کی کہانیاں دیکھ سکتا ہے یا Snap میپ میں آپ کا مقام دیکھ سکتا ہے۔ ڈیفالٹ طور پر، صرف آپ کے دوست ہی آپ سے براہ راست رابطہ کر سکتے ہیں یا آپ کی کہانی دیکھ سکتے ہیں۔

**6 نقشہ میں اپنا مقام حسب منشاء بنائیں:** آپ ان سب دوستوں کے ساتھ اپنا مقام شیئر کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں جن کو آپ نے ایڈ کیا ہوا ہے، صرف دوستوں کے منتخب کردہ گروپ کے ساتھ شیئر کر سکتے ہیں یا پھر جب آپ لوگوں کی نظروں سے اوجھل ہونا چاہتے ہوں تو گھوسٹ موڈ بھی آن کر سکتے ہیں۔ Snap میپ آپ کا مقام صرف تب اپ ڈیٹ کرتا ہے جب آپ ایپ استعمال کر رہے ہوں اور صرف انہی لوگوں کے ساتھ اسے شیئر کرتا ہے جن کے ساتھ شیئر کرنے کا آپ نے انتخاب کیا ہوا!

**7 میری کہانی کون دیکھ سکتا ہے یہ تبدیل کریں:** ڈیفالٹ رازداری کی سیٹنگ یہ ہے کہ صرف وہ سنیپ چیٹرز ہی آپ کی کہانی دیکھ سکتے ہیں جن کو آپ نے ایڈ کیا ہوا ہے۔ اپنی کہانی میں Snap پوسٹ کرتے وقت آپ کی جو رازداری کی سیٹنگز ہوں گی اس Snap کے لیے وہی سیٹنگز رہیں گی، چاہے آپ بعد میں اپنی سیٹنگز تبدیل ہی کیوں نہ کر لیں۔

**8 Snapchat پر غلط استعمال کی اطلاع دیں:** آپ کسی بھی وقت Snapchat پر غلط استعمال کی اطلاع دے سکتے ہیں، بشمول ہراسانگی، دھونس جمانا یا کوئی اور حفاظت کا خدشہ۔ اگر کوئی سنیپ چیٹر آپ کو تنگ کر رہا ہے تو آپ اسے بلاک بھی کر سکتے ہیں اور کوئی بھی گروپ چیٹ چھوڑ سکتے ہیں۔ اطلاع دینے کے لیے، کسی بھی Snap یا کہانی کو دبا کر رکھیں اور پھر 'Snap کی اطلاع دیں' کے بٹن کو ٹیپ کریں۔

**9 دوستوں کو ہٹانے اور بلاک کرنے کے بیچ فرق:** جب آپ اپنی دوستوں کی فہرست سے کسی کو ہٹاتے ہیں تو وہ آپ کی کوئی بھی ذاتی کہانی نہیں دیکھ پائے گا لیکن وہ اب بھی آپ کا عوام کے لیے سیٹ کردہ کوئی بھی مواد دیکھ پائے گا۔ آپ کی رازداری کی سیٹنگز کے لحاظ سے، وہ آپ سے اب بھی چیٹ یا Snap کر سکتا ہے۔ جب آپ کسی دوست کو بلاک کر دیتے ہیں تو وہ آپ کی کہانی نہیں دیکھ سکتا نہ ہی آپ کو Snaps یا چیٹس بھیج سکتا ہے۔



# آپ کا خیال رکھنا
# عافیت کے وسائل

Snap اپنی کمیونٹی کی حفاظت اور عافیت کے حوالے سے بے حد مخلص ہے۔ ہم اپنے Snapchatters کو محفوظ، صحت مند اور باخبر رکھنے کے لیے ٹیمز رکھتے ہیں، ٹیکنالوجیز اور پالیسیاں بناتے ہیں اور پارٹنرشپس کرتے ہیں۔

ہم ان Snapchatters کو وسائل اور سپورٹ فراہم کرنے کے لیے انڈسٹری کے ماہرین اور غیر سرکاری ایجنسیوں کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں جنہیں ان کی ضرورت ہو۔ ہماری سیفٹی پارٹنرز کی مکمل فہرست کے لیے، ہمارے سیفٹی پارٹنرز ملاحظہ کریں۔

Snapchat آپ کے نوعمر بچوں کو سپورٹ کرنے میں مدد کے لیے ایپ میں وسائل اور عافیت کے فیچرز فراہم کرتی ہے، چاہے انہیں جذباتی سپورٹ کی ضرورت ہو یا پھر وہ بس چیٹ کرنا چاہتے ہوں! ہمارے عافیت کے فیچرز Snapchat کمیونٹی کے ممبرز کو اس حوالے سے معلومات فراہم کرنے اور بااختیار بنانے کے لیے ڈیزائن کیے گئے ہیں کہ وہ دماغی صحت کے مسائل سے نبرد آزما اپنے دوستوں کو سپورٹ کر سکیں۔

**Crisis Text Line**: ہم نے Crisis Text Line کے ساتھ پارٹنرشپ کی ہوئی ہے جو امریکہ میں رہائش پذیر Snapchatters کو لائیو، تربیت یافتہ کرائسس کاؤنسلر کے ساتھ مفت گفتگو کرنے کی سہولت دیتا ہے اور یہ سہولت 24/7 دستیاب ہے۔ بس **741741 پر KIND** لکھ کر ٹیکسٹ بھیجیں یا ایپ میں ہی Crisis Text Line لکھ کر تلاش کریں! اگر آپ امریکہ سے باہر ہیں تو مزید معلومات کے لیے ہماری حفاظت کے وسائل ملاحظہ کریں۔




CRISIS TEXT LINE |

**Headspace Mini**: سنیپ چیٹرز کو براہ راست ایپ میں ہی ہدایات والے مراقبوں اور توجہ کی مشقوں تک رسائی فراہم کرنے کے لیے، Headspace اور Snap پارٹنرشپ کر رہے ہیں۔ Headspace Mini کے ذریعے، سنیپ چیٹر کو دوستوں کے ساتھ مراقبے کی مشقیں کرنے کے قابل بنایا جائے گا اور جن دوستوں کو ضرورت ہو ان کی مثبت انداز میں حوصلہ افزائی کے لیے ہمت بڑھانے والے میسجز بھیجنے کی سہولت دی جائے گی۔




**آپ کیلئے حاضر**: تلاش میں ایک ٹول جس میں پیشہ ورانہ غیر منفعتی تنظیموں کی جانب سے مقامی زبان میں دستیاب وسائل اور مواد موجود ہیں، یہ لوگوں کو تب دکھایا جاتا ہے جب وہ پریشانی میں مبتلا ہونے سے وابستہ الفاظ ٹائپ کرتے ہیں۔ تلاش کے ان موضوعات میں مایوسی، اضطراب، رنجیدہ ہونے، ہراسانگی، جسمانی اثبات، LGBTQ دماغی صحت وغیرہ شامل ہیں۔

**درون ایپ اطلاع دینا**: ہمارا درون ایپ اطلاعاتی ٹول سنیپ چیٹرز کو یہ سہولت دیتا ہے کہ اگر انہیں اپنے دوستوں کے حوالے سے خود کو نقصان پہنچانے کے خطرے کا اندیشہ ہو تو وہ ہمیں گمنام طریقے سے آگاہ کر سکیں۔ ہم Snap کو اس صورتحال سے آگاہ کرنے والے فرد اور درون ایپ سپورٹ حاصل کرنے والے فرد دونوں کے ساتھ ریسورسز شیئر کرتے ہیں اور معاونت سائٹ کا صفحہ فراہم کرتے ہیں جس میں 20 سے زائد ممالک اور زبانوں میں دستیاب خود کو نقصان پہنچانے اور کرائسس ہاٹ لائنز کے ریسورسز موجود ہیں۔

ہم نے 2017 میں اپنی کمیونٹی کے ممبرز کیلئے درون ایپ کرائسس ریسورسز کا آغاز کیا۔ یہ مداخلت Snapchat سپورٹ کی طرف سے میسج کے طور پر ظاہر ہوتی ہے۔ اگر اچھی نیت کے ساتھ ہمارا یہ ماننا ہوا کہ کسی کی زندگی کو ناگزیر خطرہ لاحق ہے تو ہمارے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی آپریشنز ٹیم قانون نافذ کرنے والے اداروں سے فعال انداز میں رابطہ کرے گی۔ Snapchat دماغی صحت کے علاج کا پیشہ ورانہ وسیلہ نہیں ہے۔ اگر آپ کا کوئی دوست یا عزیز خطرے میں ہے تو Suicide Prevention Hotline یا Crisis Textline جیسی ایمرجنسی سروسز استعمال کریں یا پھر 911 پر کال کریں۔

**سیفٹی اسنیپ شاٹ ڈسکور چینل**: اپنے نوعمر بچے کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ سیفٹی اسنیپ شاٹ کو سبسکرائب کرے جو کہ ڈسکور کا ایک شو ہے اور سنیپ چیٹر کو ڈیجیٹل سیکیورٹی کے بارے میں اور اپنا Snapchat اکاؤنٹ محفوظ رکھنے کے حوالے سے اہم طریقے سکھاتا ہے۔ نوٹ کریں، یہ چینل صرف منتخب ممالک میں دستیاب ہے۔

**ریسورس کا صفحہ**: اپنے اور اپنے نوعمر بچے کے لیے سیفٹی پارٹنرز اور حفاظتی وسائل کی مکمل فہرست کے لیے ہمارا حفاظت کا سینٹر ملاحظہ کریں!

**اسکین کرنے کے لیے درون ایپ چھوئیں اور پکڑ کر رکھیں**

# اپنے نوعمر بچوں سے گفتگو کرنے کا طریقہ

# بات شروع کرنے کے مؤثر طریقے

ہم جانتے ہیں کہ اپنے نوعمر بچے سے Snapchat استعمال کرنے کے بارے میں گفتگو کر پانا اہم ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہم نے Crisis Text Line، MindUP اور Snap Parents کے ماہرین کے ساتھ پارٹنرشپ کی ہے تاکہ آپ کو گفتگو شروع کرنے کے کچھ ایسے مؤثر طریقے بتائے جا سکیں جن کی مدد سے آپ اپنے نوعمر بچے سے Snap پر منسلک ہو پائیں، ممکنہ طور پر پریشان کُن رویے کی شناخت کر پائیں اور ایپ میں عافیت پر عمل کرنے کا طریقہ جان پائیں!

## ساتھ شامل ہوں

اپنا Snapchat اکاؤنٹ بنانے سے آپ کو ایپ کو بہتر طور پر سمجھنے اور اپنے نوعمر بچے کے ساتھ بہتر طریقے سے منسلک ہونے میں مدد مل سکتی ہے۔

**ماہرانہ مشورہ**: اپنے نوعمر بچے سے کہیں کہ آپ کو اپنی نئی Snapchat استعمال کرنا سکھائے!



## گفتگو شروع کرنے کے لیے آپ یہ دلچسپ سوالات پوچھ سکتے ہیں:

- کیا میں دیکھ سکتا ہوں کہ آپ کے Bitmoji کیسے نظر آتے ہیں؟
- کیا آپ ہمارے لیے فیملی کی ذاتی کہانی بنانا چاہتے ہیں یا پھر گروپ چیٹ؟
- آپ کون سا فلٹر سب سے زیادہ استعمال کرتے ہیں؟
- آپ کا پسندیدہ ڈسکور شو کون سا ہے؟ آپ کے خیال میں مجھے سب سے زیادہ کون سے پسند آئیں گے؟
- Snapchat پر بہترین دوستوں کا کیا طریقہ کار ہے؟
- آپ کی طویل ترین Snapstreak کون سی ہے؟
- کیا میں Snap محفوظ کر سکتا ہوں؟ اگر میں اسے محفوظ کروں تو یہ کہاں محفوظ ہوگی؟

- میں Snap میپ پر بہوت کا موڈ میں کیسے داخل ہوں؟
- ایپ میں آپ کا پسندیدہ ٹیب کون سا ہے؟
- میں یہ کس طرح یقینی بنا سکتا ہوں کہ صرف میرے دوستوں کو ہی میری پوسٹ کردہ چیزیں نظر آئیں؟
- آپ کا پسندیدہ Snap گیم کون سا ہے؟

## خدشے کی شناخت کرنا:

یہ جاننا اہم ہے کہ اپنے نوعمر بچے میں کس طرح کے رویوں پر آپ کو نظر رکھنی چاہیئے۔ یہ رویے نشاندہی کر سکتے ہیں کہ آپ کے نوعمر بچے کو آن لائن پریشانی کا سامنا ہے اور اسے غالباً آپ، کاؤنسلر یا کسی اور بڑے سے کچھ اضافی سپورٹ درکار ہے۔ کیا آپ نے مندرجہ ذیل میں سے کچھ نوٹ کیا ہے؟

- فردیت میں بدلاؤ (اضطراب، خوف یا غصے میں اضافہ)
- ٹیکنالوجی کے بارے میں گفتگو سے گریز
- اپنا فون یا لیپ ٹاپ استعمال کرنے سے گریز کرنا
- دوستوں اور فیملی سے کٹ کر رہنا
- سکول کے رویے میں تبدیلی (گریڈز گرنا، کم حاضری، کلاس میں سو جانا)
- خود کو نقصان پہنچانے کے خیالات



اگر ایسا ہے تو اپنے نوعمر بچے سے ضرور گفتگو کریں اور چاہیں تو کسی پیشہ ور سے مدد حاصل کریں یا پھر Here For You ٹول ملاحظہ کریں! پریشانی کے ہنگامی لمحات کے لیے، یقینی بنائیں کہ ان کے علم میں ہے کہ Crisis Text Line سے **741741 پر KIND** لکھ کر ٹیکسٹ بھیج کر 24/7 رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ ہم نے ان کے ساتھ براہ راست پارٹنرشپ کی ہے تاکہ یقینی بنایا جا سکے کہ Snapchat کمیونٹی کو ان کے تربیت یافتہ کرائسس کاؤنسلرز کی جانب سے مفت، رازدارانہ سپورٹ ملنا یقینی بنایا جا سکے۔

CRISIS TEXT LINE |






## عافیت پر عمل کرنا:

Snapchat کو اس طرح ڈیزائن کیا گیا ہے کہ لوگ صرف وہی چیزیں دیکھ پائیں جو آپ شیئر کرنا چاہتے ہیں اور صرف اتنے وقت کے لیے جب تک آپ انہیں شیئر کرنا چاہتے ہیں۔ ہم اپنی 'ڈیزائن کے ذریعے حفاظت' کی حکمت عملی کے ذریعے نئی پروڈکٹس اور فیچرز بھی بناتے ہیں اور اپنے احتیاطی عافیت کے ٹولز اور وسائل تک رسائی حاصل کرنے میں اپنی کمیونٹی کی مدد بھی کرتے ہیں تاکہ جب وہ یا ان کے دوست دماغی صحت سے متعلق مسائل کا شکار ہوں تو ان سے مستفید ہو سکیں۔

## اپنے نوعمر بچے کی خبر گیری کے کچھ طریقے:

- کیا آپ نے کبھی مراقبہ کرنے کیلئے Headspace کو استعمال کیا ہے؟
تحقیق سے معلوم ہوا ہے کہ مراقبہ کرنے یا توجہ کے ساتھ آگاہی کی مشق کرنے سے تناؤ کم اور عافیت میں اضافہ ہو سکتا ہے۔
- اگر آپ کو Snapchat پر کسی کی اطلاع دینے کی ضرورت پیش آئے تو کیا آپ اس کا طریقہ جانتے ہیں؟
- کیا آپ سیفٹی سنیپ شاٹ ڈسکور چینل دیکھتے ہیں جو حفاظت کے لیے وقف ہے؟
- کیا آپ نے Here For You کو سبسکرائب کیا ہوا ہے؟ اسے Snapchat میں اپنی تلاش کی بار میں Here For You تلاش کر کے حاصل کیا جا سکتا ہے
- اگر Snapchat پر کوئی چیز آپ کو پریشان کر رہی ہو تو کیا آپ کو ایسا لگتا ہے کہ آپ کسی سے اس بارے میں گفتگو کر سکتے ہیں؟
- کیا آپ کو معلوم ہے کہ Snapchat میں آپ کو سپورٹ کرنے کے لیے کون سے وسائل دستیاب ہیں؟
- آپ ایپ میں کتنا وقت گزارتے ہیں؟
- کیا آپ کو کبھی ایپ استعمال کرتے وقت جذبات کے غلبے کا احساس ہوتا ہے؟ یہ احساس ہونے کے بعد آپ کیا کرتے ہیں؟

> **ہم سب دماغ کے لیے مثبت عادات کی مشق کر کے جیسے توجہ کے ساتھ آگاہی کی مشق کر کے، اپنے اندر شکرگزاری اور رحمدلی پیدا کر کے اپنی زندگیوں میں خوشیاں بھر سکتے ہیں اور عافیت لا سکتے ہیں۔**
>
> Molly Stewart Lawlor, PhD -

mindup For Life | The Goldie Hawn Foundation

## اپنے نوعمر بچے سے بات کرنے کے بعد:

اب جبکہ آپ اور آپ کا نوعمر بچہ Snapchat کے بارے میں بات چیت کرنے میں ماہر ہوگئے ہیں، آئندہ کے لیے کچھ معاہدے طے کرنا اور اس طرح کی بات چیت مستقل بنیادوں پر کرنے کو یقینی بنانا اچھا خیال ہے! حتیٰ کہ سوشل میڈیا کا معاہدہ بنانا بھی دونوں فریقین کے درمیان رازداری اور اعتماد برقرار رکھنے میں مدد کر سکتا ہے۔ یہ وعدے کرنے سے دونوں فریقین کے بیچ اعتماد پیدا کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔

اپنے نوعمر بچے کے ساتھ بات چیت کرنے کا خوشگوار رشتہ قائم کرنے اور اسکرین اور سوشل میڈیا کی صحت بخش عادات پیدا کرنے میں ان کی مدد کرنے کے لیے بات شروع کرنے کے کچھ مؤثر طریقے یہ ہیں:

- بات کرنے کا رواج پیدا کریں؛ باتیں کرنے اور سننے کے لیے وقت متعین کریں مثلاً فیملی کے ساتھ کھانا کھاتے وقت
- گفتگو میں اپنے نوعمر بچے کو شامل کریں، اس طرح کے سوالات پوچھیں کہ 'آپ کی اس بارے میں کیا رائے ہے؟' اور ان کے خیالات کا کھلے ذہن سے جواب دیں
- توجہ منتشر کرنے والی چیزوں کو ختم کر کے اور پوری توجہ سے دیکھ کر واقعی بات سننے کا طریقہ سیکھیں

- مشترکہ طور پر روزانہ کسی ٹائم بلاک پر اتفاق رائے کریں جس میں سوشل میڈیا یا فون کا 'وقفہ' شامل ہو
- آن لائن خطرات اور خدشات کے بارے میں کھل کر بات کریں اور انہیں وہ عملی چیزیں فراہم کریں جو وہ آن لائن خطرات سے نمٹنے کیلئے استعمال کر سکتے ہیں جیسے کہ بلاک کرنا اور اطلاع دینا۔

سوشل میڈیا پر محفوظ اور عافیت کے ساتھ رہنے میں آپ کے بچے کی مدد کرنے کے لیے کچھ اہم ہدایات یہ ہیں:

- سوشل پوسٹس کو اپنی قریبی لوگوں تک رکھنے اور صرف انہی لوگوں کی دوستی کی درخواستیں قبول کرنے کی اہمیت جن سے آپ واقعی واقف ہوں
- پوسٹ کرنے سے پہلے ہمیشہ خود سے پوچھیں: دادی اماں اس بارے میں کیا کہیں گی!
- خاموش نہ رہیں، اگر آپ کو ایسی کوئی چیز نظر آئے جس سے آپ کو تکلیف پہنچے تو اس کی اطلاع دیں!
- ہمیشہ شفقت کے حوالے سے کمیونٹی کی ہدایات پر عمل کریں



# Snapchat کی فرہنگ
## (ا تا ی)

**Discover:** پریمیم خبریں اور تفریح دیکھیں، بشمول Snap Original اور مین اسٹریم میڈیا۔

**Snap اسٹارز:** تخلیق کاران (جیسے کہ انفلوئنسرز اور سیلبریٹیز) جن کے ناظرین کی تعداد بہت زیادہ ہو ان کے پاس ایک گولڈ اسٹار ہوگا۔ آپ ان تخلیق کاران کو سبسکرائب کر سکتے ہیں۔

**Snap میپ:** اس ٹیب میں یہ دیکھیں کہ کیا ہو رہا ہے، اپنے دوست تلاش کریں اور کسی ایڈوینچر پر جانے کی ترغیب حاصل کریں۔ مقام شیئر کرنا ڈیفالٹ طور پر آف ہوتا ہے، یہ فیصلہ آپ خود کرتے ہیں کہ کیا آپ دوستوں کے ساتھ اپنا مقام شیئر کرنا چاہتے ہیں یا بھوت کا موڈ کے ساتھ اسے بس اپنے آپ تک محدود رکھنا چاہتے ہیں۔

**Snapcode:** Snapcode ایک خاص قسم کی تصویر ہوتی ہے جسے آپ مختلف چیزیں کرنے کے لیے Snapchat کے ذریعے اسکین کر سکتے ہیں جیسے نئے دوستوں کو شامل کرنا یا فلٹرز اور لینزز ان لاک کرنا۔

**Spotlight:** ایک ہی جگہ پر Snapchat کی دنیا دریافت کریں اور اس تفریحی پلیٹ فارم میں ہماری پوری کمیونٹی کے نقطہ نظر دیکھیں

**اسٹریکس:** عموماً اس کی نمائندگی چیٹس اسکرین پر آپ کے دوست کے نام کے ساتھ موجود 🔥 ایموجی سے کی جاتی ہے، یہ اسٹریک (یعنی ایک دوسرے کے بیچ Snaps کا تبادلہ) برقرار رہنے کے دنوں کی گنتی ہے۔ Snap اسٹریکس یہ جاننے کا دلچسپ، ہلکا پھلکا طریقہ ہیں کہ آپ کس کے ساتھ سب سے زیادہ Snapping کر رہے ہیں!

**تخلیقی ٹولز:** Snap بنانے کے بعد، آپ اس میں اسٹیکرز، ٹیکسٹ، ڈوڈلز وغیرہ شامل کر سکتے ہیں۔

**تلاش:** تلاش میں ٹائپ کرنے سے آپ کو مختلف چیزیں نظر آئیں گی تاکہ آپ اپنے لیے سب سے متعلقہ چیز تلاش کر پائیں؛ جیسے دوستوں کو تلاش کرنا یا پھر ہمارا Here For You ٹول ملاحظہ کرنا۔

**چیٹ:** اپنے حقیقی دوستوں کو ویڈیو، فون یا ٹیکسٹ چیٹس بھیجیں۔

**ذاتی کہانی:** ذاتی کہانیاں Snapchatter کو ایسی کہانی بنانے کی سہولت دیتی ہیں جو صرف منتخب کردہ دوستوں کے ساتھ ہی شیئر ہوتی ہے۔

**صرف میرے لیے:** یہ فیچر یادوں میں موجود ہوتا ہے اور یہ سنیپ چیٹر کو اس کی یادوں میں موجود Snaps اور کہانیاں صرف میرے لیے کے ٹیب میں منتقل کرنے کی سہولت دیتا ہے جسے دیکھنے کے لیے پاس کوڈ کی ضرورت ہوتی ہے۔

**فلٹرز:** Snap پر بائیں جانب سوائپ کریں گے تو فلٹر کے آپشنز ظاہر ہو جائیں گے جن کی مدد سے آپ رنگوں کے اثرات شامل کر سکتے ہیں، وینیو کی معلومات دکھا سکتے ہیں، اپنا Bitmoji فیچر کر سکتے ہیں، دکھا سکتے ہیں کہ آپ کیا کر رہے ہیں وغیرہ۔

**فوری ایڈ کریں:** فوری ایڈ کریں میں دوستوں کی تجاویز چند عوامل کے لحاظ سے ہوتی ہیں جیسے آپ پہلے ہی کن لوگوں کے دوست ہیں اور آپ نے کس کو سبسکرائب کیا ہوا ہے۔

**کسٹم کہانی:** اپنی کسٹم کہانی کے لیے دوست منتخب کریں! شامل ہونے والا کوئی بھی فرد اس کہانی میں اضافہ کر پائے گا اور دوسرے ممبرز کو دیکھ پائے گا۔

**کیمرہ:** جہاں آپ دوستوں کو Snaps بھیجتے ہیں جو تصاویر یا ویڈیوز ہوتی ہیں!

**گھوسٹ موڈ:** اس کے فعال ہونے کی صورت میں آپ کے دوست Snap میپ میں آپ کا مقام نہیں دیکھ پائیں گے!

**گیمز اور Snap منیز:** Snapchat گیمز پر اپنے دوستوں کے ساتھ وقت گزارنے کا دلچسپ طریقہ ہیں! Snap منیز چھوٹے سائز والی یوٹیلیٹیز ہیں جنہیں دوستوں کے لیے خصوصی طور پر بنایا گیا ہے جیسے مووی نائٹ کی پلاننگ کرنا یا فلیش کارڈز کا ڈیک بنانا۔

**لینزز:** لینز کیراسیل لانچ کرنے کے لیے کسی چہرے کو چھوئیں۔ لینزز آپ کی Snaps میں 3D اثرات، آبجیکٹس، کریکٹرز اور ٹرانسفارمیشنز شامل کرتے ہیں۔

**مقام کی سروسز:** Snapchat فلٹرز، تلاش، Snap میپ، تشہیر کاری وغیرہ کے لیے آپ کا مقام استعمال کرتی ہے۔ فعال ہونے کی صورت میں، آپ کے پاس Snapchat کھلے ہونے پر آپ کا مقام اپ ڈیٹ ہوگا۔

**میری کہانی:** Snaps کا سلسلہ جو تاریخ وار ترتیب کے مطابق چلتا ہے اور دوست 24 گھنٹے تک اسے دیکھ سکتے ہیں۔ آپ اسے سب کے ساتھ، میرے دوستوں یا پھر لوگوں کی حسب منشاء فہرست کے ساتھ شیئر کرنے کا آپشن منتخب کر سکتے ہیں۔

**ہماری کہانی:** پوری کمیونٹی میں موجود مختلف سنیپ چیٹرز کی طرف سے جمع کروائی گئی Snaps کا مجموعہ۔ ہماری کہانی میں فیچر ہونے والی Snaps عوامی مواد ہیں جنہیں Snap میپس اور پلیٹ فارم سے ہٹ کر بھی دکھایا جا سکتا ہے۔

**یادیں:** Snapchatter کی Snaps اور کہانیوں کا ذاتی مجموعہ جو آپ کی 'یادوں' میں محفوظ ہوتا ہے۔



Snap Inc.

جولائی 2021 کا ایڈیشن